۱۵ آیا جاڑا

کیف احمد صدّیقی

پیدائش: ۱۲؍جنوری ۱۹۴۳ء   وفات: ۱۹۸۶ء

کیف احمد صدیقی سیتاپور میں پیدا ہوئے۔ ان کا اصل نام احتشام علی صدیقی ہے۔ اُردو کے اچھے شاعروں میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ 'گرد کا درد' ان کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔ انھوں نے بچوں کے لیے بھی نظمیں لکھی ہیں۔ ان نظموں میں بچوں کے روشن مستقبل کی طرف رہنمائی کی گئی ہے۔ موسموں پر بھی انھوں نے خوب صورت نظمیں لکھی ہیں۔ بچوں کی نظموں کے تین مجموعے 'سدا بہار نظمیں'، 'دلچسپ نظمیں' اور 'دینی نظمیں' منظرِ عام پر آ چکے ہیں۔ 'آیا جاڑا' نظم میں ہماری زندگی اور جانوروں پر ہونے والے سردی کے اثرات کو بڑی خوبی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

پڑھتا ہوا سردی کا پہاڑا
سی سی کرتا آیا جاڑا

بڑھ گئی سردی اپنی حد سے
کون بچے گا اس کی زد سے
بڑے بڑوں کو اس نے پچھاڑا
سی سی کرتا آیا جاڑا

دُھند ہی دُھند ہے ، رات ہو یا دن
پُورب ، پچھّم ، اُتّر ، دکّھن
کُہر نے اپنا جھنڈا گاڑا
سی سی کرتا آیا جاڑا

اپنی عمر میں ہم نے اب تک
دیکھی نہ اتنی غضب کی ٹھنڈک
وقت بنا سردی کا اکھاڑا
سی سی کرتا آیا جاڑا

سُورج بھیگی بلّی بن کر
کانپ رہا ہے تھر تھر تھر تھر
موسم شیر کی طرح دہاڑا
سی سی کرتا آیا جاڑا

ٹھنڈ سے ہیں بے حال پرندے
چیخ رہے ہیں سارے درندے
جنگل میں ہاتھی چنگھاڑا
سی سی کرتا آیا جاڑا
پڑھتا ہوا سردی کا پہاڑا

****

جاڑا	-	سردی کا موسم
حد سے بڑھنا	-	بہت زیادہ ہونا
زد	-	مار
پچھاڑنا	-	گرادینا، ہرادینا
دھند	-	کہر
جھنڈا گاڑنا	-	فتح حاصل کرنا
بھیگی بِلّی بننا	-	دَبکنا، چُھپنا
بے حال	-	بُری حالت میں
درندے	-	شکار کرنے والے جانور

مشق

❋ نظم کی مدد سے خانہ پُری کیجیے۔

۱۔ کون بچے گا اس کی .... سے
۲۔ دیکھی نہ اتنی .... کی ٹھنڈک
۳۔ سورج .... بلّی بن کر
۴۔ ٹھنڈ سے ہیں .... پرندے

❋ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

۱۔ سردی کا پہاڑا کون پڑھ رہا ہے؟
۲۔ جاڑے نے کسے پچھاڑا ہے؟
۳۔ دھند کہاں پھیلی ہوئی ہے؟
۴۔ ’کہر نے اپنا جھنڈا گاڑا‘ سے کیا مراد ہے؟
۵۔ سردی سے پرندوں اور جانوروں کا کیا حال ہے؟

❋ غور کرکے بتائیے:

شاعر نے سورج کا بھیگی بلّی بننا کس وجہ سے کہا ہے؟

3VGBT4

سرگرمی:

۱۔ اپنے استاد سے معلوم کیجیے کہ دھند کیوں پھیلتی ہے؟
۲۔ پچھلی جماعت میں آپ بارش کے موسم پر نظم پڑھ چکے ہیں۔ گرمی کے موسم پر کوئی نظم آپ کو یاد ہو تو جماعت میں ترنّم سے سنائیے۔